قرآن کے واجب سجدے

قرآن کے واجب سجدے

مسئلہ۲۸۲۔ چار سوروں سورہ سجدہ (الم تنزیل)، فصلت (حم سجدہ)، نجم اور علق میں سے ہر ایک میں واجب سجدے کی ایک آیت ہے جسےاگر انسان پڑھے یا سنے تو اس کے ختم ہونے کے فوراً بعد سجدہ کرنا ضروری ہے اور اگرسجدہ کرنا بھول جائے تو جب بھی یاد آئے سجدے کو انجام دے۔[۱]

مسئلہ۲۸۳۔ پوری آیت سجدہ واجب ہونے کا سبب ہےلہذا اگر آیت کا ایک حصہ پڑھے یا سنے تو سجدہ واجب نہیں ہے۔

مسئلہ۲۸۴۔ مذکورہ آیات کا ترجمہ پڑھنے یا سننے سے سجدہ واجب نہیں ہوتا ہے۔

مسئلہ۲۸۵۔ اگر ریڈیو، ٹی وی سے یا ٹیپ ریکارڈر وغیرہ سے نشر ہونے والی آیت سجدہ کو سنے تو سجدہ واجب ہے۔

مسئلہ۲۸۶۔ اگر آیہ سجدہ پڑھتے وقت کسی دوسرے شخص سے یا ٹیپ ریکارڈر وغیرہ سےبھی اسے سنے تو دو سجدے کرے۔

مسئلہ۲۸۷۔ قرآن کے واجب سجدے میں ان چیزوں پر سجدہ کرے جن پر نماز کے دوران سجدہ صحیح ہے لیکن نماز کے سجدے کی دیگر شرائط مثلاً قبلہ رخ ہونا یا باوضو ہونا وغیرہ لازم نہیں ہے۔

مسئلہ۲۸۸۔ قرآن کے واجب سجدے میں پیشانی کو سجدے کے لئے زمین پر رکھنا کافی ہے اور ذکر پڑھنا لازم نہیں ہے اگرچہ مستحب ہے اور بہتر ہے کہ پڑھے: لااِلهَ اِلاّ اللهُ حَقاً حَقاً، لااِلهَ اِلاّ اللهُ اِیماناً وَ تصْدِیقا، لااِلهَ اِلاّ اللهُ عُبُودِیَّةً وَ رقاً، سَجَدْتُ لکَ یا رَبِّ تعَبُّداً وَ رقاً، لامُستنْکِفاً وَ لامُسْتَکبِراً، بَلْ انَا عَبْدٌ ذَلِیلٌ ضَعِیفٌ خائِفٌ مُسْتَجیرٌ.

[۱] سجدے والی آیات: ۱۔ سورہ سجدہ، آیت ۱۵۔ ۲۔ سورہ فصلت، آیت۳۷۔ ۳۔ سورہ نجم، آیت۶۲۔ ۴۔ سورہ علق، آیت۱۹